**30.06.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. اصغرعلی

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے عام انتخابات کے بعد آکاشوانی پر من کی بات کے پہلے پروگرام میں آئین اور جمہوری نظام میں پھر سے اعتماد کا اظہار کرنے پر عوام کا شکریہ ادا کیا ہے۔
☆ وزیر اعظم نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ خصوصی مہم ''ایک پیڑ ماں کے نام'' کے تحت اپنی والدہ کے ہمراہ یا اُن کے نام پر ایک درخت لگائیں۔ جناب مودی نے مقامی اشیاء بنانے اور فروغ دینے میں قبائلی امدادِ باہمی اداروں کی کوششوں کی ستائش کی۔
☆ وزیر اعظم نے سنسکرت بلیٹن نشر کئے جانے کے **50** سال مکمل ہونے پر آکاشوانی کو مبارکباد پیش کی۔
☆ جنرل اوپیندر دویدی نے فوج کے نئے سربراہ کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھال لی ہے۔
☆ اور خواتین کرکٹ میں چنئی میں واحد ٹسٹ میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو فالو آن پر مجبور کیا۔ **Spin** گیند باز اسنیہا رانا نے **8** کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PM MKB**

وزیر اعظم نریندر مودی نے لوک سبھا انتخابات میں ملک کے جمہوری نظام اور آئین میں اپنے اعتماد کا پختہ اظہار کرنے پر عوام کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے۔ آج آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں ملک سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ **2024** کے عام انتخابات دنیا کا سب سے بڑا چناؤ تھا جس میں **65** کروڑ لوگوں نے ووٹ دیا۔ جناب مودی نے کہا کہ دنیا کے کسی بھی ملک میں ایسا کبھی نہیں ہوا۔
جناب مودی نے انتخابی کمیشن اور ووٹنگ کے عمل سے وابستہ ہر اہلکار کو مبارکباد پیش کی۔
وزیر اعظم نے کہا کہ **30** جون کا دن اہمیت کا حامل ہے کیونکہ آج **Hool Diwas** منایا جارہا ہے۔

انہوں نے کہا کہ یہ دن ویر سدھو اور Kanhu کی دلیری کے ساتھ وابستہ ہے جنہوں نے برطانوی حکمرانوں کی زیادتیوں کی پُرزور مخالفت کی تھی۔

جناب مودی نے ماحولیات کے عالمی دن کے موقعے پر شروع کی گئی خصوصی مہم ''ایک پیڑ ماں کے نام'' کا تذکرہ کیا۔ انہوں نے دنیا بھر کے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اپنی والدہ کے ہمراہ یا اپنی والدہ کے نام پر ایک درخت ضرور لگائیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ گزشتہ دہائی کے دوران ملک میں جنگلاتی علاقے میں کافی توسیع ہوئی ہے۔ امرت مہوتسو کے دوران ملک میں 60 ہزار سے زیادہ امرت سرووَر بنائے گئے ہیں۔

مانسون سیزن کی بات کرتے ہوئے جناب مودی نے کیرالہ میں بنائے جانے والے Karthumbhi چھاتوں کا تذکرہ کیا۔ یہ خاص طرح کے چھاتے کیرالہ کے Attappady علاقے میں بنائے جاتے ہیں۔ وزیر اعظم نے یہ رنگ برنگے چھاتے بنانے کیلئے کیرالہ کی قبائلی خواتین کی ستائش کی اور اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ ملک بھر میں اِن چھاتوں کی مانگ بڑھ رہی ہے۔

جناب مودی نے جموں کشمیر کی Snow Peas کی مثال بھی پیش کی۔ انہوں نے بتایا کہ حال ہی میں Snow Peas کی پہلی کھیپ پلوامہ سے لندن بھیجی گئی ہے۔

وزیر اعظم نے بتایا کہ کویت سرکار نے اپنے قومی ریڈیو پر ہندی میں ایک خصوصی پروگرام شروع کیا ہے جو ہر اتوار کو آدھے گھنٹے نشر ہوتا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ وہاں بھارتی فلموں اور آرٹ سے متعلق مذاکرے بھارتی برادری میں بہت مقبول ہیں۔ وزیر اعظم نے اِس بات پر مسرت کا اظہار کیا کہ دنیا بھر میں بھارتی کلچر کی شان میں اضافہ ہورہا ہے۔ جناب مودی نے ترکمانستان کی مثال پیش کی جہاں گزشتہ مہینے ملک کے قومی شاعر کا 300 واں یوم پیدائش منایا گیا۔ اِس موقع پر ترکمانستان کے صدر نے دنیا کے 24 نامور شاعروں کے مجسموں کی نقاب کشائی کی اور اِن میں سے ایک مجسمہ گرو دیو رابندر ناتھ ٹیگور کا ہے۔

یوگ کے موضوع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ یوگ کا دسواں بین الاقوامی دن پوری دنیا میں جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔

جناب مودی نے کہا کہ ہر سال یوگ دِوس منائے جانے کے ساتھ نئے ریکارڈز بھی بنائے جارہے ہیں۔

وزیر اعظم نے کہا کہ پیرس اولمپک کھیل اگلے مہینے شروع ہوجائیں گے۔ انہوں نے بھارتی کھلاڑیوں کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ جناب مودی نے بتایا کہ وہ آنے والے دنوں میں بھارتی کھلاڑیوں سے ملاقات کریں گے اور ملک کے عوام کی طرف سے اُن کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ جناب مودی نے سبھی لوگوں پر زور دیا کہ وہ ہیش ٹیگ Cheer فار بھارت کے ساتھ کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

وزیر اعظم نے آکاشوانی فیملی کو بھی مبارکباد پیش کی کیونکہ آج آکاشوانی کے سنسکرت بلیٹن کے نشریے کو 50 سال مکمل ہورہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ قدیم بھارتی علوم اور سائنس کی پیشرفت میں سنسکرت کا اہم رول رہا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ

سنسکرت زبان کا احترام کیا جانا چاہئے اور اِسے روز مرہ کی زندگی کے ساتھ منسلک کیا جانا چاہئے۔ جناب مودی نے بینگلورو کے **Cubbon Park** میں کی جانے والی اِس طرح کی ایک کوشش کی مثال پیش کی جہاں ہر اتوار کو بچے، نوجوان اور بزرگ افراد سنسکرت میں ایک دوسرے سے بات کرتے ہیں۔

جناب مودی نے کہا کہ ایک ہفتے بعد پوری میں رتھ یاترا شروع ہونے والی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ہموطنوں پر بھگوان جگناتھ کا آشیرواد ہمیشہ رہے گا۔

وزیر اعظم نے ''من کی بات'' کے ذریعے پھر عوام سے گفتگو کرنے پر خوشی کا اظہار کیا۔جناب مودی نے کہا کہ اگرچہ من کی بات کے ریڈیو پروگرام میں کچھ مہینے کا وقفہ آگیا تھا، پھر بھی ملک اور معاشرے میں من کی بات کا جذبہ بدستور جاری ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ من کی بات پروگرام میں بھارت کی شاندار ثقافت ، تاریخ اور ترقی یافتہ بھارت بنانے کی کوششوں پر بات ہوتی رہے گی۔

## Prez Hool Diwas

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے **Hool Diwas** پر سنتھال جدو جہد کے سبھی امر سپوتوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ **Sido-Kanhu** ، **Chand-Bhairav** اور **Phoolo-Jhano** جیسے سورماؤں کی قربانی کی داستان کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا جنہوں نے نا انصافی کے خلاف تاریخی جنگ لڑی تھی۔ محترمہ دروپدی مرمو نے کہا کہ اِن انقلاب پسند سورماؤں کے نظریات سے سبھی ہموطنوں کو تحریک ملتی رہے گی۔

## Army Chief Oath

جنرل اوپیندر دویدی نے آج نئی دلی میں فوج کے سربراہ کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ انہیں **15** دسمبر **1984** کو بھارتی فوج کی جموں کشمیر رائفلز انفینٹری میں کمیشن ملا تھا۔ تقریباً چالیس سال کی اپنی گرانقدر سروس کے دوران انہوں نے مختلف عہدوں پر کام کیا ہے۔

جنرل اوپیندر دویدی کو پرم وششٹھ سیوا میڈل اور اَتی وششٹھ سیوا میڈل سے نوازا جاچکاہے۔ اِس کے علاوہ انہیں جنرل آفیسر کمانڈنگ اِنچیف کے تین توصیفی کارڈس سے بھی سرفراز کیا گیا تھا۔

## Israel Gaza

محصور غزہ پٹی کے علاقے میں پچھلے **24** گھنٹے کے دوران اسرائیلی حملوں میں کم از کم **40** فلسطینی مارے گئے ہیں جبکہ **200** سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔ حماس کے کنٹرول والے صحت حکام کے مطابق اِس طرح گزشتہ سال اکتوبر میں اسرائیل اور فلسطینیوں کے درمیان لڑائی شروع ہونے کے بعد سے اب تک مجموعی طور پر **37** ہزار **834** فلسطینی مارے جاچکے ہیں جبکہ **86** ہزار **858** زخمی ہوئے ہیں۔

دوسری طرف اسرائیلی فوج کے ترجمان نے کہا کہ اسرائیلی فورسز **Shujaeya** علاقے میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر حملوں کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ اسرائیلی فورسز نے جھڑپوں میں کئی تخریب کاروں کا صفایا کردیا ہے اور فوجیوں کو علاقے میں ایک اسکول کمپلیکس کے اندر ایک اسلحہ ڈپو ملا ہے۔

اُدھر فلسطینی پناہ گزینوں سے متعلق اقوام متحدہ کی امدادی ایجنسی نے سوشل میڈیا پر اِس بات کو اجاگر کیا ہے کہ غزہ کے ہزاروں باشندوں کو غذا ، دواؤں ، صاف پانی اور سر چھپانے کی جگہ کی شدید قلت کا سامنا ہے اور سرحدی کراسنگ کے راستے محدود رسائی کی وجہ سے اُن کی مشکلیں اور بڑھ گئی ہیں۔

## New Criminal Laws

تین نئے فوجداری قوانین کل سے نافذ ہوجائیں گے۔ اِن میں بھارتیہ نیائے **Sanhita** ، بھارتیہ ناگرک سُرکشا **Sanhita** اور بھارتیہ ساکشیہ ادھینیم **2023** شامل ہیں۔

مرکزی سرکار اِس سلسلے میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے ساتھ باقاعدگی سے میٹنگیں کرتی رہی ہے اور وہ نئے فوجداری قوانین کو نافذ کرنے کیلئے تکنیک، صلاحیت سازی اور بیداری پیدا کرنے کے اعتبار سے پوری طرح تیار ہیں۔ پچھلے سال موسمِ سرما کے اجلاس کے دوران پارلیمنٹ نے اِن بلوں کو منظوری دی تھی۔

## AIIMS Trauma Centre

دلی کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز ایمز کے ٹراما سینٹر میں آپریشن تھیئٹر اور ایمرجنسی محکمے میں آج صبح سے کام کاج پوری طرح پھر شروع ہوگیا ہے۔ جمعے کو قومی راجدھانی دلی میں تیز بارش کے تناظر میں ایمز کے ٹراما سینٹر کے سب سے نچلے حصے میں پانی بھر گیا تھا اور سبھی آپریشن تھیئٹر بند کردیئے گئے تھے۔

## Womens Test Day 3

خواتین کرکٹ میں آج صبح چنئی میں جنوبی افریقہ کے ساتھ واحد ٹسٹ میچ کے تیسرے دن بھارتی **Spin** گیند باز اسنیہا رانا نے **8** وکٹ لے کر تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا۔ دپتی شرما نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اِس طرح جنوبی افریقہ کی پوری ٹیم اپنی پہلی اننگز میں صرف **266** رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ اسنیہا رانا ٹسٹ کرکٹ میں **8** وکٹ لینے والی تیسری خاتون کھلاڑی بن گئی ہیں۔

اِس سے پہلے بھارت نے **6** وکٹ پر **603** رن کا بڑا اسکور بنا کر اپنی پہلی اننگز ختم کرنے کا اعلان کردیا تھا۔ اِس طرح بھارت کو **337** رن کی سبقت مل گئی۔ اِس تناظر میں جنوبی افریقہ سے فالو آن کرنے کو کہا گیا اور جنوبی افریقہ کی خواتین نے اپنی دوسری اننگز میں اب سے کچھ دیر پہلے تک ایک وکٹ پر **150** رن بنا لیے تھے۔

بھارت کی سلامی بلے باز شفالی ورما اور اسمرتی مندھانا نے شاندار بلے بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے خواتین ٹسٹ کرکٹ میں پہلے وکٹ کی ساجھیداری میں **292** رن بنائے جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ شفالی ورما نے ٹسٹ کرکٹ میں **205** رن کے ساتھ سب سے تیز رفتار ڈبل سنچری بنا کر تاریخ رقم کی جبکہ مندھانا نے **149** رن اسکور کئے۔

**UEFA Football Championship**

**UEFA** یوروپی فٹبال چمپئن شپ میں ناک آؤٹ مرحلے کا آغاز ہوگیا ہے۔کل رات برلن میں پہلے پری کوارٹر فائنل میں پچھلی بار کا چمپئن اٹلی، سوئٹزرلینڈ کے ہاتھوں دو-صفر سے شکست کے بعد ٹورنامنٹ سے باہر ہوگیا۔

کل رات ہی **Dortmund** میں کھیلے گئے ایک میچ میں جرمنی نے ایک متنازعہ مقابلے میں ڈنمارک کو دو-صفر سے ہرا دیا۔ اِس سے قبل وقفے سے پہلے بارش کی وجہ سے **20** منٹ کھیل نہیں ہوسکا۔

آج انگلینڈ کا مقابلہ سلوواکیہ سے ہوگا جبکہ اسپین جارجیا کا سامنا کرے گا۔ پری کوارٹر فائنل میچوں کا سلسلہ بدھ کے روز تک جاری رہے گا جبکہ کوارٹر فائنل میچ جمعے سے شروع ہوں گے۔

☆☆☆